SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبرXXVI مجریہ 2016

SINDH ACT NO. XXVI OF 2016

سندھ برطرف ملازمین کی (بحالی) ایکٹ،2016

SINDH SACKED EMPLOYEES (REINSTATEMENT) ACT,2016

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

1. مختصر عنوان اور شروعات۔
Short Title and commencement

2. تعریف
Difinations

3. ملازمت میں ملازمین کی بحالی کی مستقلی
Regularization of reinstatement of employees in service

4. ترقی اور دوسرے فائدے

Promotion and other benefits

5. ایکٹ جو دوسرے قوانین کو اوور رائیڈ کرے گا۔

Act to override other laws

سندھ ایکٹ نمبرXXVI مجریہ 2016

SINDH ACT NO. XXVI OF 2016

سندھ برطرف ملازمین کی (بحالی) ایکٹ،2016

SINDH SACKED EMPLOYEES (REINSTATEMENT) ACT,2016

[16اکتوبر2016]

ایکٹ جس کے ذریعے کارپوریشن سروس یاخود مختار یا نیم خود مختار باڈیز یا سرکاری ملازمت میں، جو برطرف کیئے، ہٹائے گئے، یاملازمت سے فارغ کیئے گئے ان کو ریلیف فراہم کیاجائے گا،

تمہید(Preamble)

جیساکہ کارپوریشن سروس یاخود مختار یا نیم خود مختار باڈیز یا سروس ملازمت میں، جو برطرف کیئے، ہٹائے یاملازمت سے نکالے گئے ہوں، 3 فروری 1997 سے 18 فروری 2008 کے عرصے کے دوران، سیاسی انتظامی کاروائی کی بنیاد پر ان کو ریلیف فراہم کرناضروری ہوگیاہے:

اس کو اس طرح عمل میں لایاجائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات۔ Short Title and commencement

1.(1) اس ایکٹ کو سندھ برطرف ملازمین کی (بحالی) ایکٹ، 2016 کہاجائے گا۔

(2) اس کادائرہ اطلاق صوبہ سندھ تک بڑھایاجائے گا۔

تعریف Difinations

2. اس ایکٹ میں جب تک کچھ مضموں اور مفہوم کے متضاد نہ ہوں، تب تک:

(a) ''ملازمت دینے والا'' سے مراد سندھ حکومت یا سندھ حکومت کا محکمہ صوبائی اسمبلی یا خود دمختار یا نیم خود مختار باڈی جو سندھ کے صوبائی اسمبلی یا خود مختار باڈی جو سندھ کی صوبائی اسمبلی یا سندھ کے گورنر کی طرف سے قائم کی یا کسی قانون کے تحت جاری کی گئی ہوں یا سندہ حکومت کی ملکیت یا زیر ضابطہ ہو،

(b) ''برطرف ملازم'' سے مراد وہ فرد جو مستقل بنیادوں پر یا ایڈہاک بنیادوں پر تھا یا کانٹریکٹ بنیادوں پر یا دوسری صورت میں ایمپلائر کی ملازمت میں رکھا گیا ہو یا جو سندھ صوبے کے سول سروس کا میمبر تھا یا جو سندہ صوبے یا محکمے کے معاملات سے منسلک کوئی سول سروس کا عہدہ رکھتا ہو اور 3 فروری 1997 سے 18 فروری 2008 (دونوں دنوں سمیت) کے عرصے کے دوران برطرف کیا، ہٹایا یا ملازمت سے فارغ کیا گیا ہو اور جسے بعد میں کمیٹی کی سفارش پر بحال کیا گیا ہو،

(c) لفظ جو واحد کے لیئے ہوں جمع کے لیئے بھی وہی ہونگے اور اسی طرح اور لفظ جو مذکر جنس کے لیئے ہوں وہ ہی مونث کے لیئے بھی اسی طرح ہونگے۔

ملازمت میں ملازمین کی بحالی کی مستقلی
Regularization of reinstatement of employees in service

3. جب تک کچھ وقتی طور عائد کسی قانون یا کسی ٹریبونل یا کسی عدالت کے فیصلے، بشمول ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کے یا کانٹریکٹ بنیادوں پر یا دوسری صورت میں مقرری کے کسی قواعد اور ضوابط کے برعکس نہ ہوں، تمام ملازم، جن پر اس ایکٹ کی گنجائشیں عائد ہوں، وہ ملازمت پر رکھنے والے کی ملازمت میں اسکیل، گریڈ، گروپ، کیڈر، پوسٹ یا عہدے پر، جو بھی معاملہ ہو، بحال ہو جائیں گے، جیسا ملازم برطرفی، ہٹانے یا ملازمت سے فارغ کرتے وقت موجود تھے اور بحالی والی تاریخ سے مستقل ہو جائیں گے۔

ترقی اور دوسرے فائدے
Promotion and other benefits

4. اس ایکٹ کی گنجائشوں کے مطابق برطرف ملازم کو سندھ سول سرونٹس سے متعلقہ قوانین کے مطابق ان کو کیس کے مطابق عائد فائدے فراہم کیئے جائیں گے۔

(1).5 اس ایکٹ کی گنجائیش موثر ہونگی، جب تک کچھ وقتی طور عائد کسی قانون، کسی ٹریبونل یا عدالت بشمول ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کے کسی فیصلے کے متضاد نہ ہوں۔	ایکٹ جو دوسرے قوانین کو اوور رائیڈ کرے گا۔ Act to override other laws
(2) اس ایکٹ کی گنجائیش، کسی کارپوریشن یا خود مختار یا نیم خود مختار تنظیم یا سرکاری ملازمت میں عائد کسی قانون، قواعد یا عائد طریقہ کار کی جگہ لے گی، جہاں اور جب بھی کوئی تصادم پیش آئے۔	

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔